# Ungdata junior

## 2019 میں تحقیقی سروے District Bjerke –

## کے بارے میں سرپرستوں اور بچوں کیلئے معلومات

2019 میں بلدیہ District Bjerke میں پانچویں تا ساتویں جماعت کے طالبعلموں کا تحقیقی سروے Ungdata junior ہو رہا ہے۔
یہ سروے بچوں کی زندگی کے اہم معاملات کا جائزہ لے گا۔ اس کا مقصد اس بارے میں مزید علم حاصل کرنا ہے کہ اس بلدیہ میں بچپن گزارنا کیسا ہے – بچوں کے حالات کیا ہیں اور وہ فرصت کے وقت میں کیا کرتے ہیں۔
سروے کے نتائج کو اس عمر کے بچوں کیلئے بلدیہ کے کام اور تحقیق کے سلسلے میں استعمال کیا جائے گا۔

سروے سکول کے وقت میں انجام پائے گا اور بچے ایک الیکٹرانک سروے فارم پر جوابات دیں گے۔
**سروے ہفتہ 23 – 25 میں ہو گا۔**
سروے **گمنام** ہے لہذا جو ڈاٹا اکٹھے کیے جائیں گے ، ان کے ذریعے کسی طالبعلم کو پہچاننا ممکن نہیں ہو گا۔ جب سروے کے نتائج شائع کیے جائیں گے تو کسی فرد کو پہچانا نہیں جا سکے گا۔ سروے میں نام یا افراد کی شناخت کروانے والی تفصیلات نہیں پوچھی جا رہیں۔

**سروے میں شرکت کرنا لوگوں کی مرضی پر منحصر ہے** اور بچہ خود یہ طے کرنے کیلئے آزاد ہے کہ وہ شریک نہیں ہو گا۔ سرپرست اپنے بچوں کو سروے میں شرکت سے الگ رکھ سکتے ہیں۔ اس کیلئے انہیں رابطہ استاد کو اطلاع دینی ہو گی۔ جو طالبعلم سروے کا جواب دیں، وہ اگر چاہیں تو بعض سوالات چھوڑ کر آگے بڑھ سکتے ہیں یا سروے فارم پر جواب دینا روک کر سروے سے الگ ہو سکتے ہیں۔

سروے فارم میں اس بارے میں سوالات ہیں کہ بچے فرصت کے وقت میں کیا کرتے ہیں، وہ سکول کے بارے میں کیا محسوس کرتے ہیں اور ان کے حالات کیا ہیں۔ سروے سے اس بات کا جواب ملے گا کہ بچے اپنے گردوپیش کے ماحول، دوستوں، والدین اور بالعموم زندگی سے کتنے مطمئن ہیں۔ سروے کے اہم موضوعات دوست، سکول، فرصت کا وقت، میڈیا کا استعمال، صحت، زندگی کی کیفیت، بلنگ (موبنگ)، گھر اور خاندان ہیں۔ جو سرپرست چاہیں، انہیں Kompetansesenter rus, Oslo (KoRus - Oslo) سے رابطہ کرنے پر پورا سروے فارم بھیجا جا سکتا ہے۔

سروے میں شرکت کیلئے بچے http://www.svar-ungdata.com پر ایک اتفاقی ایک دفعہ استعمال کے کوڈ سے لاگ ان کریں گے جو ان بچوں کو ملے گا جو سروے میں شریک ہوں گے۔ ایک دفعہ استعمال کے کوڈ اور جواب دینے والے بچے کے بیچ کوئی تعلق نہیں ہے۔ ایک دفعہ استعمال کے کوڈ کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ صرف وہی بچے شریک ہوں جنہیں سروے میں شریک ہونا تھا۔

سروے کے ذریعے District Bjerke میں حالات کی درست عکاسی کیلئے یہ اہم ہے کہ زیادہ سے زیادہ بچے شریک ہوں۔ یہ بلدیہ District Bjerke کے بچوں کیلئے سیاستدانوں، حکام اور محققین کو یہ بتانے کا موقع ہے کہ ان کی زندگی کیسی ہے۔

ڈاٹا کو ایک نیشنل ڈاٹا بیس میں محفوظ رکھا جائے گا جہاں دیگر بلدیات میں ہونے والے بچوں کے ایسے ہی سروے رکھے گئے ہیں۔

یہ سروے OsloMet – storbyuniversitetet (جو پہلے اوسلو اینڈ آکرش ہوس یونیورسٹی کالج تھا) کا تحقیقی انسٹی ٹیوٹ NOVA اور KoRus - Oslo بلدیہ District Bjerke کی طرف سے ذمہ داری سونپے جانے پر انجام دے رہے ہیں۔

اگر آپ سروے کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہیں تو KoRus - Oslo میں Yvonne Larsen nestlederسے
رابطہ کریں yvonne.larsen@vel.oslo.kommune.no /958 77 810) یا بلدیہ District Bjerkeمیں May Britt
Grunnaleite SLT-koordinator
(may.grunnaleite@bbj.oslo.kommune.no /928 49 388) سے رابطہ کریں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

| | | |
|---|---|---|
| Bovild Tjønn | Hanne C. Hougen | Henning Pedersen |
| Bydelsdirektør | Sekretariatsleder Ungdata | Virksomhetsleder |
| District Bjerke | NOVA | KoRus – Oslo |